NHS
St George's University Hospitals
NHS Foundation Trust

the SAFE test
St George's Antenatal Fetal Evaluation



# غیر جراحتی قبل از ولادت جانچ (NIPT) – SAFE جانچ

Urdu

یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ NIPT ایک اسکریننگ جانچ ہے جس کے معنی ہیں کہ کبھی کبھار غلط مثبت یا غلط منفی نتائج آجاتے ہیں۔ جراحتی کارروائی سے وابستہ اسقاط حمل کے خطرہ کے بالمقابل تشخیص سے متعلق پُر یقین ہونے کی ضرورت پر غور کرنا ایک اچھا خیال ہے۔ کچھ خواتین جو کہ اپنا حمل ہر صورت جاری رکھیں گی وہ جراحتی جانچ کے بغیر پیش قدمی سے مطمئن رہ سکتی ہیں۔ ان خواتین کے لیے جو حمل ختم کرانے پر غور کر رہی ہیں SAFE جانچ کے نتیجہ کی تصدیق کے لیے ایک جراحتی جانچ ضروری ہوگی۔

آپ کی مڈ وائف اور / یا آبسٹیٹریشین (ماہر زچگی) آپ کے کسی بھی ممکنہ سوالوں کا جواب دینے، نیز اس پوری مدت میں آپ کی معاونت کے لیے حاضر رہیں گی۔

## مزید معلومات کے لیے میں کن سے رابطہ کر سکتی ہوں؟

اگر SAFE جانچ سے متعلق آپ کے کوئی سوالات ہوں تو برائے مہربانی اپنی نامزد مڈ وائف یا کنسلٹینٹ آبسٹیٹریشین سے رابطہ کریں۔ براہ راست رابطہ کرنے کے لیے، برائے مہربانی ای میل کریں: theSAFEtest@nhs.net

SAFE جانچ سے متعلق مزید معلومات کے لیے یا ہمارے قریب ترین فراہم کنندہ کو تلاش کرنے کے لیے برائے مہربانی ملاحظہ کریں:
**www.theSAFEtest.co.uk**

## پیشنٹ ایڈوائس اینڈ لائزن سروس (PALS)

پیشنٹ ایڈوائس اینڈ لائزن سروس (PALS) اگر آپ کے پاس ہماری خدمات یا اس نگہداشت سے متعلق تبصرے یا تشویشات ہوں جو آپ نے موصول کیے ہیں تو آپ کا مقامی PALS دفتر آپ کو بر موقع مشورہ اور معلومات فراہم کر سکتا ہے۔

## دیگر مفید تنظیمیں

**NHS کی ویب سائٹ:**
www.nhs.uk

**ڈاؤنز سنڈروم ایسوسی ایشن**
**(Down's syndrome Association)**
www.downs-syndrome.org.uk

**ٹرائی سومی 13/18 کے لیے معاونتی تنظیم SOFT) UK)**
www.soft.org.uk

**اینٹی نٹل رزلٹس اینڈ چوائسیز (ARC):**
www.arc-uk.org

**پازیٹو اباؤٹ ڈاؤن سنڈروم**
www.positiveaboutdownsyndrome.co.uk

## سینٹ جارجز یونیورسٹی ہاسپٹلز NHS فاؤنڈیشن ٹرسٹ کے بارے میں

سینٹ جارجز یونیورسٹی ہاسپٹلز NHS فاؤنڈیشن ٹرسٹ کی بچہ زچہ اکائی ایک علاقائی اور ٹیریٹیری ریفرل یونٹ ہے جس کو ملک کا ایک محفوظ ترین یونٹ ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ یہاں ہر سال 5,000 سے زائد بچوں کی ولادت ہوتی ہے اور اس طرح اس یونٹ نے شاندار طبی نتائج، اعلی ترین ممکنہ بیرونی تصدیق نامے حاصل کیے ہیں اور اسے لندن میں 'مڈوائف: ولادت' کی اعلی ترین شرحوں کا افتخار حاصل ہے۔ اس یونٹ میں صلاح کار اور مڈ وائف زچہ بچہ نگہداشت فراہم کرتی ہیں اور یہ جدید ترین ساز وسامان سے لیس ہے، جن میں قبل از ولادت انتہائی نگہداشت اور ایک خصوصی دیکھ بھال والی بچوں کا یونٹ شامل ہیں۔

سینٹ جارجز ہاسپٹل میں فیٹل میڈیسن یونٹ ایک معروف ٹیریٹیری ریفرل سنٹر اور تحقیقی مرکز ہے جو کہ اس مقصد کے تحت تعمیر شدہ یونٹ میں واقع ہے۔ یہاں پر معمول کی تشخیص سے لے کر جراحتی کارروائیوں تک نگہداشت کے تمام پہلوؤں کے لیے جدید ترین سہولیات موجود ہیں، جن میں جنین کی سرجری (رحم مادر میں سرجری) شامل ہے۔ یہ یونٹ حسب معمول جنوب مغرب لندن علاقہ کے 10 ڈسٹرکٹ جنرل ہاسپٹلز سے ریفرلز کو قبول کرتا ہے، جن میں قبل از ولادت نگہداشت کے لیے سالانہ تقریباً 35,000 خواتین شامل ہیں۔ برطانیہ اور یوروپ کے دیگر ہسپتالوں سے جنین کی پیچیدہ جراحتی کارروائیوں اور بچہ زچہ نگہداشت کے لیے بھی اضافی علاقائی ریفرلز موصول ہوتے ہیں۔ اس یونٹ کو حمل میں زیادہ خطرہ کی دیکھ بھال کے طبی اور معاونتی انتظام میں تسلیم شدہ بین الاقوامی مہارت حاصل ہے۔

---

SAFE جانچ کو Yourgene کی طرف سے وائٹرو تشخیصی جانچ میں CE کی علامت دی گئی ہے۔ Health plc یورجین، مزید حاملہ خواتین کے لیے پہلی با ضابطہ NIPT جانچ متعارف کرانے کے لیے ایک یوکے سنٹر آف اکسیلنس کی تخلیق کرنے کی خاطر سینٹ جارجز یونیورسٹی NHS ہاسپٹلز فاؤنڈیشن ٹرسٹ کے ساتھ مل کر کام کرنے والی برطانیہ کی ایک سالمی تشخیصی کمپنی ہے۔

*®IONA جانچ کے ذریعہ مضبوطی عطا کی جاتی ہے جو کہ Yourgene Health Plc کا ایک رجسٹرڈ ٹریڈ مارک ہے*

Document Control: 03/23
Ref no: 111454

## NIPT کیا ہے؟


غیر جراحتی قبل از ولادت جانچ (NIPT) ایک اسکریننگ جانچ ہوتی ہے جو کہ اس بات کی تشخیص کے لیے جدید ترین DNA ٹیکنالوجی کا استعمال کرتی ہے کہ آیا کسی حمل میں کروموسوم سے متعلق کسی مخصوص حالت کا امکان انتہائی زیادہ ہے۔

## SAFE جانچ کیا ہے؟

سینٹ جارجز قبل از ولادت جنین کی تشخیص (SAFE) سے متعلق جانچ ایک NIPT جانچ ہوتی ہے جو یو کے نیشنل اسکریننگ کمیٹی (UKNSC) کی سفارشات کے مطابق صرف ڈاؤنز، ایڈورڈز اور پٹاؤز کے سنڈرومز کو اسکرین کرتی ہے۔ یہ جانچ ماں کے خون کا ایک چھوٹا سا نمونہ لے کر انجام دی جاتی ہے جسے پھر تشخیص کے لیے سینٹ جارجز ہاسپٹل میں واقع NHS لیبارٹری کو بھیج دیا جاتا ہے۔ نتائج عام طور پر نمونہ کے حصول کے بعد 7 کیلنڈر دنوں کے اندر دستیاب ہوتے ہیں۔

## SAFE جانچ کس طرح کام کرتی ہے؟

حمل کے دوران پلیسنٹا (آنول) خلیوں سے خالی DNA ماں کے خون کے دورانیہ میں خارج کرتا ہے۔ اس طرح ماں کے خون میں آنول اور مادرانہ خلیوں سے خالی DNA کا امتزاج ہوتا ہے۔ خون میں خلیوں سے خالی DNA کی تشخیص اور اسے ماں کے ٹرائسومی (ماں کی عمر یا NHS کے اندر فراہم کردہ مرکب جانچ کے نتائج) کے سابقہ امکان کو جوڑ کر اس بات کی پیش گوئی کے لیے ایک امکانی تناسب حاصل کیا جاتا ہے کہ آیا بچہ کے یہاں ڈاؤنز سنڈروم جیسی کسی کروموسوم کی حالت کے پائے جانے کا امکان زیادہ ہے یا نہیں۔




## SAFE جانچ کیوں کرائیں؟

قومی اسکریننگ کی کارروائی کے حصّہ کے طور پر خواتین کو حمل کی پہلی سہ ماہی میں 'مرکب جانچ' کی پیش کش کی جاتی ہے۔ یہ کروموسوم سے متعلق یا ڈھانچہ جاتی بے قاعدگی کے امکان کی تشخیص کے لیے الٹراساؤنڈ کی دریافتوں کی مدد سے خون میں ہارمون کی سطحوں کی قدر پیمائی کرتی ہے۔ اگرچہ حالات کا دائرہ جیسے اس طریقہ سے دریافت کیا جا سکتا ہے حالات کی اس تعداد سے زیادہ وسیع ہے جس کی شناخت SAFE جانچ کے ذریعہ کی جاتی ہے، SAFE جانچ میں ڈاؤنز، پٹاؤز اور ایڈورڈز سنڈروم کے لیے دریافت کا تناسب زیادہ ہوتا ہے۔

اس کے علاوہ، اگر 'مرکب جانچ' کا نتیجہ دستیاب ہے تو SAFE جانچ زیادہ مخصوص نتیجہ فراہم کرنے کے لیے اس کو شامل کر سکتا ہے۔

## ڈاؤنز سنڈروم کیا ہے؟

ڈاؤنز سنڈروم (یا ٹرائی سومی 21) میں مبتلا لوگوں کے یہاں کروموسوم 21 کی ایک اضافی کاپی (عمومی دو کے بجائے کروموسوم کی تین کاپیاں) ہوتی ہے۔ برطانیہ میں پیدا ہونے والے ہر 1000 بچوں میں سے تقریباً 1 کو ڈاؤنز سنڈروم ہوتا ہے اور برطانیہ میں اس حالت سے متاثرہ افراد کی تعداد 40,000 سے زائد ہے۔ کسی کا بھی بچہ ڈاؤنز سنڈروم سے متاثر ہو سکتا ہے اور اگرچہ نسبتاً زیادہ عمر کی خواتین کے یہاں اس کا خطرہ زیادہ رہتا ہے، ڈاؤنز سنڈروم سے متاثرہ زیادہ تر بچے نوجوان خواتین کے یہاں پیدا ہوتے ہیں۔

ڈاؤنز سنڈروم ایک تا حیات عارضہ ہے جو عام طور پر سیکھنے کی معذوری کی کچھ سطح سے مربوط ہوتی ہے۔ صحت کی بعض حالتیں ڈاؤنز سنڈروم کے شکار لوگوں میں زیادہ عام ہیں، اگر چہ بیشتر وابستہ طبی مسائل کا علاج کیا جاسکتا ہے۔ ڈاؤنز سنڈروم انتہائی تغیر پذیر ہوتا ہے اور اس بات کا پتہ لگانا نا ممکن ہوتا ہے کہ آپ اور آپ کے بچہ کے لیے زندگی کیسی ہوگی۔ کچھ بالغ افراد کو طویل مدتی معاونت درکار ہوگی، تاہم زیادہ تر نوجوان اصل دھارے کے اسکولوں میں حاضر ہوں گے اور مدد کے مختلف درجات کے ساتھ خاصی آزاد زندگیاں گزاریں گے۔

## کیا SAFE جانچ تمام حالتوں کی تشخیص کر سکتی ہے؟

نہیں - ڈاؤنز سنڈروم پائی جانے والی عام ترین حالت ہے نیز دو نسبتاً زیادہ شاذ اور زیادہ سنگین حالتیں اور ہیں جنہیں ایڈورڈز سنڈروم (ٹرائی سومی 18) اور پٹاؤز سنڈروم (ٹرائی سومی 13) کی حیثیت سے جانا جاتا ہے۔

## ایڈورڈز اور پٹاؤز سنڈروم کیا ہیں؟

ایڈورڈز اور پٹاؤز سنڈروم زندگی کو محدود کر دینے والی حالتیں ہیں اور ان کی وجہ سے نشوونما اور صحت سے متعلق مختلف مسائل پیدا ہوں گے، جن میں سے کچھ انتہائی سنگین ہو سکتے ہیں۔ ایڈورڈز یا پٹاؤز سنڈروم سے متاثرہ حمل کی تقریبا 70% حالتوں کا انجام اسقاط حمل یا مردہ بچے کی ولادت کی صورت میں ظاہر ہوگا۔ بچہ / بچی پر ایڈورڈز یا پٹاؤز سنڈروم کی جزوی شکلوں کا اثر نسبتاً کم ہوگا۔

## SAFE جانچ کون کرا سکتی ہے؟

یہ جانچ حمل کے 10 ویں ہفتے سے تمام مفرد اور جڑواں حمل کے لیے مناسب ہے، جن میں IVF، بیضہ عطیہ کنندہ یا سروگیٹ حمل کی حالتیں شامل ہیں۔ غیر مماثل اور 'غائب جڑواں (وینشنگ ٹوون)' کی جانچ کی حساسیت کم ہوجاتی ہے۔

اگر ماں کو کینسر ہو یا کروموسوم سے متعلق یا کوئی جینیاتی حالت ہو (جس میں ڈاؤنز سنڈروم شامل ہیں) تو یہ جانچ متعدد حمل کی حالتوں (جڑواں سے زیادہ) کے لیے مناسب نہیں ہے۔ یہ ایسی ماؤں کے لیے بھی نا مناسب ہے جنہوں نے گزشتہ 3 ماہ کے اندر خون چڑھوایا ہو، ٹرانس پلانٹ سرجری، امیونو تھراپی یا جذعی خلیہ کا علاج کرایا ہو۔

پوسٹ مارکیٹنگ سرویلینس کی بنیاد پر۔صرف مفرد حمل کو شامل کیا گیا۔ آبادی۔

## SAFE جانچ کی رپورٹ کس طرح کی جاتی ہے؟

**کم امکان:** کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے حمل کا ٹرائی سومی 21، 18 یا 13 سے متاثر ہونے کا امکان نہ کے برابر ہے، اور لہذا اس بات کا امکان بہت کم ہے کہ آپ کے بچہ کو ڈاؤنز، ایڈوارڈز یا پٹاؤز سنڈروم ہے۔

**اعلی امکان:** کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے بچہ کا ٹرائی سومی 21، 18 یا 13 سے متاثر ہونے کا امکان زیادہ ہے، اور یہ کہ کسی جراحتی تشخیصی جانچ کے ذریعہ نتیجہ کی تصدیق کی جانی چاہیے۔

**نو کال (no call) نتیجہ:** متعدد اسباب کی بنا پر حالتوں کی ایک انتہائی چھوٹی تعداد (200 میں سے 1) میں ہو سکتا ہے جانچوں کا کوئی نتیجہ بر آمد نہ ہو۔ اس صورت میں، طبی ٹیم آپ کے لیے دستیاب اختیارات پر بات چیت کرے گی۔

## اگر مجھے "اعلی امکان" نتیجہ موصول ہوتا ہے تو ایسی صورت میں کیا ہوتا ہے؟

اگر SAFE جانچ کروموسوم سے متعلق حالت کے کسی اعلی امکان کو ظاہر کرتی ہے تو آپ کو ایک جراحتی تشخیصی جانچ کی پیش کش کی جائے گی جیسے امینو سینٹیسس یا کوریئونک ولّس سیمپلنگ (CVS)۔ یہ جانچیں اس بابت ایک یقینی 'ہاں' یا 'نہیں' نتیجہ ظاہر کرتی ہیں کہ آیا آپ کا بچہ / بچی ڈاؤنز، ایڈوارڈز یا پٹاؤز سنڈروم سے متاثر ہے۔ دونوں کارروائیوں میں اس امنیوٹک مائع کا ایک چھوٹا نمونہ جو کہ بچہ کو گھیرے رہتا ہے (امینو سینٹیسس) یا پلیسنٹا کے خلیوں کا ایک چھوٹا نمونہ (CVS) لینے کے لیے ایک باریک سوئی استعمال کی جاتی ہے۔ اگرچہ یہ جراحتی کارروائیاں ایک یقینی تشخیص فراہم کرتی ہیں ان میں حمل کے اسقاط کا ایک معمولی خطرہ رہتا ہے۔ اسقاط حمل کا امکان اکثر والدین کے لیے ایک گو مگو والی کیفیت ہوتی ہے، جس میں بہت ساری خواتین NIPT کرانے کا فیصلہ کرتی ہیں، جیسے کوئی جراحتی کارروائی کرانے سے پہلے SAFE جانچ۔